احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

ہفتہ 17 اپریل 2010ء

روزنامہ

(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 17/اپریل 2010ء 2جمادی الاول 1431 ہجری 17شہادت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 84

انسان کی امیدیں اور موت

حضرت انسؓ بن مالک فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے زمین پر کچھ لکیریں کھینچیں اور فرمایا یہ انسان کی امیدیں ہیں اور یہ انسان کی اجل یعنی موت ہے۔ انسان ابھی امیدوں میں مشغول ہوتا ہے کہ یہ لکیر یعنی موت انسان کو آلیتی ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الرقاق باب فی الامل وطوله حدیث نمبر5938)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارا فرض ہے کہ ہم ہر طرح سے لوگوں کو سمجھا دیں کہ یہ زمانہ بہت نازک ہے۔ خدا تعالیٰ نے اس قدر بار بار مجھے آئندہ اور بھی خطرناک زمانہ کے آنے کے متعلق وحی کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت قریب ہے اور وہ جلد آنے والی ہے جیسا کہ کل بیان کیا گیا تھا۔ طرح طرح کے لباسوں میں موتیں وارد ہو رہی ہیں طاعون ہے۔ وبائیں ہیں۔ قحط ہے۔ زلزلے ہیں۔ جب ایسی مصیبتیں وارد ہوتی ہیں تو دنیاداروں کی عقل جاتی رہتی ہے اور وہ ایک سخت غم اور مصیبت میں گرفتار ہو جاتے ہیں جس سے نکلنے کا کوئی طریق ان کو نہیں سوجھتا۔ قرآن شریف میں اسی کی طرف اشارہ ہے وتری الناس سکٰری ...... تو لوگوں کو دیکھتا ہے کہ نشے میں ہیں حالانکہ وہ کسی نشے میں نہیں۔ بلکہ بات یہ ہے کہ نہایت درجہ کے غم اور خوف سے ان کی عقل ماری گئی ہے اور کچھ حوصلہ باقی نہیں رہا۔ ایسے موقعہ پر بجز متقی کے کسی کے اندر صبر کی طاقت نہیں رہتی۔ دینی امور میں بجز تقویٰ کے کسی کو صبر حاصل نہیں ہو سکتا۔ بلا کے آنے کے وقت سوائے اس کے کون صبر کر سکتا ہے جو خدا تعالیٰ کی رضا کے ساتھ اپنی رضا کو ملائے ہوئے ہو جب تک کہ پہلے ایمان پختہ نہ ہو۔ ادنیٰ نقصان سے انسان ٹھوکر کھا کر دہریہ بن جاتا ہے۔ جس کو خدا تعالیٰ کے ساتھ تعلق نہیں۔ اس میں مصیبت کی برداشت نہیں۔

دنیا دار لوگ تو ایسے مصائب کے وقت وجود باری تعالیٰ کا بھی انکار کر بیٹھتے ہیں۔ دنیا کی وضع ہی ایسی بنی ہے کہ اس میں مصائب کا آنا ضروری ہے۔ دنیا میں جس قدر آدمی گزرتے ہیں ان میں سے کون دعویٰ کر سکتا ہے کہ اس پر کبھی کوئی مصیبت وارد نہیں ہوئی۔ کسی کی مصیبت اولاد پر وارد ہوتی ہے اور کسی کے مال پر اور کسی کی عزت پر۔ غرض ہر ایک کو کوئی نہ کوئی مصیبت اور ابتلاء دیکھنا ہی پڑتا ہے۔ بغیر اس کے دنیا میں چارہ نہیں۔ یہ دنیا کا لازمہ ہے۔ عرب کا ایک پرانا شاعر لکھتا ہے

سئمت تکالیف الحیاۃ ومن یعش
ثمانین حولا لا ابا لک یسئم

دنیا میں میں نے بڑی بڑی تکلیفیں دیکھی ہیں اور جو کوئی میری طرح اسی سال تک جئے گا وہ بھی لامحالہ کچھ دیکھے گا۔

دنیا کے مصائب تو دراصل چند روز کے واسطے ہیں۔ کوئی جلدی مرا اور کوئی دیر سے مرا۔ آخر سب نے مرنا ہے۔

﴿ملفوظات جلد پنجم ص 413﴾

عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 216-3/4550 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

﴿صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ﴾

خالی آسامیاں

(فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مندرجہ ذیل سپیشلسٹ // رجسٹرار // نرسنگ میں مزید آسامیوں کی فضل عمر ہسپتال میں فوری ضرورت ہے۔

☆ گائناکالوجسٹ ☆ آئی سپیشلسٹ
☆ ریڈیالوجسٹ ☆ پیتھالوجسٹ (ہسٹو پیتھ)
☆ پیڈز/میڈیکل/گائنی/ سرجیکل رجسٹرار میل/ فی میل ☆ نرسز میل/ فی میل ☆ ریڈیوگرافر اور لیبارٹری ٹیکنیشن

کوالیفائیڈ خواہشمند خواتین وحضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب/ امیر صاحب جماعت کی سفارش سے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد روانہ کریں۔ تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ بعض تجربہ کار کوالیفائیڈ حضرات کو کنٹریکٹ پر بھی رکھا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے ایڈمنسٹریشن آفس سے رابطہ 047-6215646 پر کر سکتے ہیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مشعل راہ

سیکرٹری امور عامہ اور سیکرٹری تعلیم کو نصائح

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 5 دسمبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

اب سیکرٹری امور عامہ کا صرف یہ کام ہی نہیں ہے کہ آپس کے فیصلے کروائے جائیں یا غلط حرکات اگر کسی کی دیکھیں تو انہیں دیکھ کر مرکز میں رپورٹ کر دی جائے۔ اس کا یہ کام بھی ہے کہ اپنی جماعت کے ایسے بیکار افراد جن کو روزگار میسر نہیں، خدمت خلق کا بھی کام ہے اور روزگار مہیا کرنے کا بھی کام ہے، اس کے لئے روزگار کی تلاش میں مدد کرے۔ بعض لوگ طبعاً کاروباری ذہن کے بھی ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی فہرستیں تیار کریں۔ اگر ایسے افراد میں صلاحیت دیکھیں تو تھوڑی بہت مالی مدد کر کے معمولی کاروبار بھی شروع کروایا جاسکتا ہے۔ اور اگر ان میں صلاحیت ہوگی تو وہ کاروبار چمک بھی جائے گا اور آہستہ آہستہ بہتر کاروبار بن سکتا ہے۔ میں نے کئی لوگوں کو دیکھا ہے جو پاکستان میں بھی سائیکل پر پھیری لگا کر یا کسی دکان کے تھڑے پر بیٹھ کے، ٹوکری رکھ کر یا چند کپڑے کے تھان رکھ کر اس وقت دکانوں کے مالک بنے ہوئے ہیں۔ تو یہ ہمت دلانا بھی، توجہ دلانا بھی، ایسے لوگوں کے پیچھے پڑ کر کسی نہ کسی کام پر لگیں یہ بھی جماعتی نظام یا جماعتی نظام کے عہدیدار کا کام ہے جس کے سپرد یہ کام کیا گیا ہے یعنی سیکرٹری امور عامہ۔

پھر سیکرٹری تعلیم ہے۔ عموماً سیکرٹریان تعلیم جماعتوں میں اتنے فعال نہیں جتنے ان سے توقع کی جاتی ہے یا کسی عہدیدار سے توقع کی جاسکتی ہے اور یہ میں یونہی اندازے کی بات نہیں کر رہا، ہر جماعت اپنا اپنا جائزہ لے لے تو پتہ چل جائے گا کہ بعض سیکرٹریان پورے سال میں کوئی کام نہیں کرتے۔ حالانکہ مثلاً سیکرٹری تعلیم کی مثال دے رہا ہوں، **سیکرٹری تعلیم کا یہ کام ہے کہ اپنی جماعت کے ایسے بچوں کی فہرست بنائے جو پڑھ رہے ہیں، جو سکول جانے کی عمر کے ہیں اور سکول نہیں جا رہے۔ پھر وجہ معلوم کریں کہ کیا وجہ ہے وہ سکول نہیں جا رہے۔ مالی مشکلات ہیں یا صرف نکما پن ہی ہے اور ایک احمدی بچے کو تو توجہ دلانی چاہئے کہ اس طرح وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ مثلاً پاکستان میں ہر بچہ کے لئے خلیفۃ المسیح الثالث نے یہ شرط لگائی تھی کہ ضرور میٹرک پاس کرے۔ بلکہ اب تو معیار کچھ بلند ہو گئے ہیں اور میں کہوں گا کہ ہر احمدی بچے کو ایف۔ اے ضرور کرنا چاہئے۔**

افریقہ میں جو کم از کم معیار ہے پڑھائی کا۔ سیکنڈری سکول کا یا جی سی ایس سی، یہاں بھی ہے، وہاں بھی۔ اسی طرح ہندوستان اور بنگلہ دیش اور دوسرے ملکوں میں، یہاں بھی میں نے دیکھا ہے کہ یورپ کے اور امریکہ کے بعض لڑکے ملتے ہیں وہ پڑھائی چھوڑ بیٹھے ہیں۔ تو یہ کم از کم معیار ضرور حاصل کرنا چاہئے۔ بلکہ جہاں تک تعلیمی سہولتیں ہیں بچوں کو اور بھی آگے پڑھنا چاہئے۔ اور سیکرٹریان تعلیم کو اپنی جماعت کے بچوں کو اس طرف توجہ دلاتے رہنا چاہئے۔ اگر تو یہ بچے جس طرح میں نے پہلے کہا، کسی مالی مشکل کی وجہ سے انہوں نے پڑھائی چھوڑی ہوئی ہے تو جماعت کو بتائیں۔ جماعت (۔) حتی الوسع ان کا انتظام کرے گی اور پھر یہ بھی ہوتا ہے بعض دفعہ کہ بعض بچوں کو عام روایتی پڑھائی میں دلچسپی نہیں ہوتی۔ اگر اس میں دلچسپی نہیں ہے تو پھر کسی ہنر کے سیکھنے کی طرف بچوں کو توجہ دلائیں۔ وقت بہرحال کسی احمدی بچے کا ضائع نہیں ہونا چاہئے۔ پھر ایسی فہرستیں ہیں جوان پڑھے لکھوں کی تیار کی جائیں جو آگے پڑھنا چاہتے ہیں۔ ہائر سٹڈیز کرنا چاہتے ہیں لیکن مالی مشکلات کی وجہ سے نہیں پڑھ سکتے تو جس حد تک ہوگا جماعت ایسے لوگوں کی مدد کرے گی۔ بہرحال سیکرٹریان تعلیم کو خود بھی اس سلسلے میں Active ہونا پڑے گا اور ہونا چاہئے۔ تو یہ چند مثالیں ہیں۔ جو ذمہ داری ہے سیکرٹری تعلیم کی، اور بھی بہت سارے کام ہیں اس بارہ میں چند مثالیں میں نے دی ہیں۔ اگر محلے کے لیول سے لے کر نیشنل لیول تک سیکرٹریان تعلیم موثر ہو جائیں اور کام کرنے والے ہوں تو یہ تمام باتیں جو میں نے بتائی ہیں اور ان کے علاوہ بھی اور بہت ساری باتیں ہیں ان سب کا علم ہو سکتا ہے۔ فہرست تیار ہو سکتی ہے اور پھر ایسے طلباء کو مدد کر کے پھر آگے پڑھایا بھی جاسکتا ہے۔

(روزنامہ الفضل 22 مارچ 2004ء)

مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ لاس اینجلس

لاس اینجلس امریکہ میں جلسہ مصلح موعود کی تقریب

لاس اینجلس ایسٹ

محض خدا تعالیٰ کے فضل سے لاس اینجلس کی جماعتوں نے جلسہ مصلح موعود مورخہ 21 فروری 2010ء کو بیت الحمید میں منعقد کیا۔ تلاوت قرآن کریم و ترجمہ کے ساتھ اس تقریب کا آغاز ہوا۔ بعد ازاں نظم اور اس کا انگریزی ترجمہ پیش کیا گیا۔

مکرم ڈاکٹر حمید الرحمٰن صاحب صدر جماعت لاس اینجلس ایسٹ نے حاضرین کے سامنے پیشگوئی مصلح موعود کا پس منظر تفصیل کے ساتھ بیان کیا۔ بعدہٗ مکرم مظہر الحق صاحب نے پیشگوئی مصلح موعود کے الہامی الفاظ پڑھ کر سنائے۔ جس کا انگریزی میں ترجمہ ایک طفل عزیزم قاصد احمد صادق نے پیش کیا۔ پھر ایک اور طفل عزیزم عثمان مظفر نے حضرت مصلح موعود کی سوانح پڑھ کر سنائی۔

ازاں بعد مکرم ڈاکٹر احسان محمود خاں صاحب نے اختلافات سلسلہ کی صحیح تاریخ، مکرم عمران جٹالہ صاحب نے ''وہ اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا'' مکرم عبدالقدیر ملک صاحب نے ''پیشگوئی مصلح موعود کے مصداق'' کے موضوع پر تقریر کی۔ جس کے بعد بچیوں نے

''نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے''

ترنم کے ساتھ پیش کیا۔ جس کا ترجمہ عزیزہ امان احمد نے پیش کیا۔

آخر پر خاکسار نے حضرت مصلح موعود کی سیرت کے چند واقعات پیش کئے۔ دعا کے بعد جلسہ اختتام کو پہنچا۔ آخر پر تمام احباب کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔ کل حاضری 600 رہی۔

لاس اینجلس ویسٹ

مورخہ 21 فروری کو ہی جماعت لاس اینجلس ویسٹ کو بیت السلام میں جلسہ مصلح موعود منعقد کرنے کی توفیق ملی جس کی صدارت مکرم چوہدری جلال الدین احمد صاحب نے کی۔ اس جلسہ کی حاضری 85 تھی۔ تلاوت قرآن کریم و ترجمہ کے بعد نظم پیش کی گئی۔ بعدہٗ مکرم سید اکمل احمد صاحب نے پیشگوئی مصلح موعود کے الہامی الفاظ اور انگریزی ترجمہ پڑھ کر سنائے۔ مکرم صاحبزادہ رشید لطیف راشدی صاحب نے حضرت مصلح موعود کے کارنامے، مکرم امجد محمود خان صاحب نے اختلافات سلسلہ کی تاریخ، مکرم ظفر باسط صاحب نے ہندوستان میں شدھی تحریک کے بارے میں حضرت مصلح موعود کی خدمات، مکرم ارمغان ملک صاحب نے ''نوجوانوں کی اصلاح خدام الاحمدیہ کے ذریعہ''، پر مکرم ارشد محمود خان صاحب نے ''تحریک جدید اور وقف جدید'' کے موضوع پر تقاریر کیں آخر پر مکرم ناصر محمود ملک صاحب نے دعا کرائی۔

ان جماعتوں کے علاوہ فینکس اور طوسان جماعتوں نے بھی انہیں تاریخوں میں جلسہ مصلح موعود منعقد کیا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت مصلح موعود کی خواہشات کے مطابق احمدیت کا جھنڈا بلند سے بلند تر کرنے کی توفیق دے۔ آمین

18 اپریل 2010ء

1-30 am	بین الاقوامی جماعتی خبریں
2-00 am	طلباء جامعہ کے ساتھ ایک نشست
3-10 am	راہ ھدیٰ
4-45 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 16 اپریل 2010ء
5-55 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ
6-25 am	یسرنا القرآن
6-45 am	تلاوت، درس حدیث
6-55 am	لقاء مع العرب
8-05 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ
8-35 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 16 اپریل 2010ء
9-35 am	فیتھ میٹرز
10-35 am	آئل پینٹنگ
11-10 am	تلاوت، درس حدیث
12-30 pm	فیتھ میٹرز
1-35 pm	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
2-00 pm	جلسہ سالانہ قادیان 2009ء
3-10 pm	انڈونیشین سروس
4-05 pm	سپینش سروس
5-00 pm	تلاوت، درس حدیث
5-30 pm	یسرنا القرآن
5-55 pm	بنگلہ پروگرام
6-55 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 16 اپریل 2010ء
8-00 pm	گلشن وقف نو
9-10 pm	خبرنامہ
9-30 pm	فیتھ میٹرز
10-40 pm	یسرنا القرآن
11-05 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm	عربی سروس

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

تہجد کے لئے اٹھنے کے تیرہ طریق

بیان فرمودہ حضرت مصلح موعود

حضرت مصلح موعود اپنی تقریر ذکر الٰہی میں فرماتے ہیں:۔

سوال یہ ہے کہ تہجد پڑھنی تو ضرور چاہئے مگر رات کو اٹھیں کیونکر۔ اس کا ایک ادنیٰ طریق میں پہلے بتاتا ہوں اگرچہ اس میں نقصان بھی ہے۔ مگر فائدہ بھی ہوسکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ آجکل الارم والی گھڑیاں مل سکتی ہیں ان کے ذریعہ انسان جاگ سکتا ہے۔ مگر میرا تجربہ ہے کہ یہ کوئی ایسا مفید طریق نہیں ہے۔ وجہ یہ کہ چونکہ انسان کو بھروسہ ہوجاتا ہے کہ وہ مجھے وقت پر جگا دے گی اس لئے رات کو اٹھنے کی نیکی کی طرف جو توجہ اور خیال ہونا چاہئے وہ اس کو نہیں ہوتا۔ اگر اسے اٹھنے کا خیال ہوتا اور اسی خیال میں ہی اس کی آنکھ لگ جاتی تو گویا وہ ساری رات ہی عبادت کرتا رہتا۔ اس کے علاوہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اگر اٹھنے کو جی نہ چاہے تو انسان بجتے بجتے الارم کو بند کر دیتا ہے۔ لیکن اگر نیت اور ارادہ سے سوئے گا تو وقت پر ضرور اٹھ کھڑا ہوگا۔ پھر ایسے لوگ جو گھڑی کے ذریعہ اٹھتے ہیں وہ اس بات کی شکایت کرتے ہیں کہ نماز میں نیند آتی ہے۔ اس کی بھی وجہ یہی ہے کہ وہ گھڑی سے اٹھتے ہیں نہ کہ اپنے طور پر اس لئے یہ طریق کوئی مفید نہیں ہے۔ ہاں ابتدائی حالت کے لئے یا کسی خاص ضرورت کے وقت مفید ہوتا ہے۔

میرے نزدیک وہ طریق جن سے رات کو اٹھنے سے مدد مل سکتی ہے تیرہ ہیں۔ اگر کوئی شخص ان پر عمل کرے تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسے ضرور کامیابی ہوگی۔ شروع میں تو ہر کام میں مشکلات ہوتی ہیں مگر آخر کار ضرور ان کے ذریعہ کامیابی ہوگی۔ یہ سب باتیں جو میں بیان کروں گا وہ قرآن اور حدیث سے ہی اخذ کی ہوئی بیان کروں گا نہ کہ اپنی طرف سے۔ مگر یہ خدا تعالیٰ کا مجھ پر خاص فضل ہے کہ یہ باتیں مجھ پر ہی کھولی گئی ہیں۔ اور اوروں سے پوشیدہ رہی ہیں۔ اگر وقت تنگ نہ ہوتا تو میں قرآن کریم کی وہ آیات اور حدیثیں بھی بیان کر دیتا جن سے میں نے اخذ کی ہیں مگر اب صرف نتائج ہی بیان کروں گا۔

پہلا طریق یہ ہے

کہ اللہ تعالیٰ نے نیچر میں قاعدہ رکھا ہے کہ جس وقت میں کوئی چیز پیدا ہوئی ہو وہی وقت جب دوسری دفعہ آئے تو اس چیز میں پھر جوش پیدا ہوجاتا ہے۔ اس کی مثالیں کثرت سے مل سکتی ہیں۔ مثلاً انسان کو جو بیماری بچپن میں ہوئی ہو وہی بیماری بڑھاپے میں جبکہ بچپن کی سی حالت ہوجاتی ہے عود کر آتی ہے۔ یہی بات درختوں اور پرندوں میں پائی جاتی ہے۔ اس قاعدہ سے رات کو اٹھنے میں اس طرح مدد مل سکتی ہے کہ عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد کچھ عرصہ ذکر کرلے۔ اس کا یہ فائدہ ہوگا کہ جتنا عرصہ وہ ذکر کرے گا صبح سے اتنا ہی قبل اس کی آنکھ ذکر کرنے کے لئے کھل جائے گی۔

دوسرا طریق یہ ہے

کہ عشاء کی نماز پڑھ لینے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ رسول کریم ﷺ نے بھی عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد کلام کرنے سے روکا ہے۔ گو یہ بھی ثابت ہے کہ بعض دفعہ آپؐ کلام کرتے رہے ہیں۔ مگر عام طور پر آپؐ نے منع فرمایا ہے۔ اس کا باعث یہ ہے کہ اگر عشاء کی نماز کے بعد باتیں شروع کر دی جائیں گی تو انسان زیادہ جاگے گا اور صبح کو دیر کرکے اٹھے گا اور دوسرے یہ کہ اگر وہ باتیں دینی اور مذہبی نہ ہوں گی تو ان کی وجہ سے توجہ دین سے ہٹ جائے گی۔ اس لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ عشاء کی نماز کے بعد بغیر کلام کئے سوجانا چاہئے تاکہ دینی خیالات پر ہی آنکھ لگے اور سویرے کھل جائے۔ دفتر کے کام یا اور کوئی ضروری فعل عشاء کی نماز کے بعد منع نہیں۔ مگر یہ ضروری ہے کہ سونے سے پہلے ذکر کرلے۔ یہ دوسرا طریق ہے۔

تیسرا طریق یہ ہے

کہ جب کوئی عشاء کی نماز پڑھ کر آئے اور سونے لگے تو خواہ اس کا وضو ہی ہے تو بھی تازہ وضو کرکے چارپائی پر لیٹے۔ اس کا اثر قلب پر پڑتا ہے اور اس سے خاص قسم کی نشاط پیدا ہوتی ہے اور جب کوئی تازہ وضو کی وجہ سے نشاط کی حالت میں سوئے گا تو وہ آنکھ کھلتے وقت بھی نشاط میں ہی ہوگا۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ اگر کوئی روتا سوئے تو وہ چیخ مار کر اٹھ بیٹھتا ہے اور اگر ہنستا سوئے تو اٹھتے وقت بھی اس کا چہرہ بشاش ہی ہوتا ہے اسی طرح جو وضو کرکے نشاط سے سوتا ہے وہ اٹھتا بھی نشاط سے ہی ہے اور اس طرح اس کو اٹھنے میں مدد ملتی ہے۔

چوتھا طریق یہ ہے

کہ جب سونے لگے تو کوئی ذکر کرکے سوئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ رات کو ذکر کرنے کے لئے پھر اس کی آنکھ کھل جائے گی۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ بھی سونے سے پہلے یہ ذکر کیا کرتے تھے۔ آیت الکرسی پھر تینوں قل ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونکتے اور ہاتھ سارے جسم پر پھیرتے اور ایسا تین دفعہ کرتے تھے اور پھر دائیں طرف منہ کرکے یہ (دعا) پڑھتے۔ اسی طرح ہر ایک مومن کو چاہئے اور پھر چارپائی پر لیٹ کر دل میں سبحان اللّٰہ وبحمدہ سبحان اللّٰہ العظیم یا کوئی اور ذکر جاری رکھنا چاہئے حتیٰ کہ اس حالت میں آنکھ لگ جائے۔ کیونکہ جس حالت میں انسان سوتا ہے عام طور پر وہی حالت ساری رات اس پر گزرتی رہتی ہے۔ اس لئے جو شخص تسبیح وتحمید کرتے سوئے گا۔ گویا ساری رات اسی میں لگا رہے گا۔ دیکھو عورتیں یا بچے اگر کسی غم اور تکلیف میں سوئیں۔ تو سوتے سوتے جب کروٹ بدلتے ہیں۔ تو دردناک اور غمگین آواز نکالتے ہیں۔ کیونکہ اس غم کا جو سوتے وقت ان کو تھا ان پر اثر ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی تسبیح کرتے سوئے گا تو جب کروٹ بدلے گا اس کے منہ سے تسبیح کی آواز ہی نکلے گی۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ مومن وہ ہوتے ہیں کہ (-) ان کے پہلو بستروں سے اٹھے رہتے ہیں۔ اور وہ خوف اور طمع سے اللہ تعالیٰ کو پکارتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس سے خرچ کرتے ہیں۔ بظاہر تو یہ بات درست نہیں معلوم ہوتی۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ بھی سوتے تھے اور دوسرے سب مومن بھی سوتے ہیں لیکن اصل بات یہ ہے کہ چونکہ وہ تسبیح کرتے کرتے سوتے ہیں اس لئے ان کی نیند نیند نہیں ہوتی بلکہ تسبیح ہی ہوتی ہے اور اگرچہ وہ سوتے ہیں مگر درحقیقت سوتے نہیں۔ ان کی کمریں بستروں سے الگ رہتی ہیں اور وہ خدا کی یاد میں مشغول ہوتے ہیں۔

پانچواں طریق یہ ہے

کہ سونے کے وقت کامل ارادہ کرلیا جائے کہ تہجد کے لئے ضرور اٹھوں گا۔ انسان کے اندر خدا تعالیٰ نے یہ طاقت رکھی ہے کہ جب وہ زور سے اپنے نفس کو کوئی حکم کرتا ہے تو وہ تسلیم کرلیتا ہے اور یہ ایک ایسی بات ہے جس کو تمام دانا مانتے آئے ہیں۔

پس تم سونے کے وقت پختہ ارادہ کرلو کہ تہجد کے وقت ضرور اٹھیں گے۔ اس طرح کرنے میں گو تم سوجاؤ گے مگر تمہاری روح جاگتی رہے گی کہ مجھے حکم ملا ہے کہ فلاں وقت جگانا ہے اور عین وقت پر خود بخود تمہاری آنکھ کھل جائے گی۔

چھٹا طریق

ایسا ہے کہ جس کے کرنے کی میں صرف ایسے ہی شخص کو اجازت دیتا ہوں جو یہ دیکھتا ہو کہ میرا ایمان خوب مضبوط ہے اور وہ یہ کہ وتروں کو عشاء کی نماز کے ساتھ نہ پڑھے بلکہ تہجد کے وقت پڑھنے کے لئے رہنے دے۔ عام طور پر یہ بات پائی جاتی ہے کہ انسان فرض کو خاص طور پر ادا کرتا ہے مگر نفل میں سستی کر جاتا ہے۔ پس جب نفلوں کے ساتھ واجب مل جائے گا تو اس کی روح کبھی آرام نہ کرے گی جب تک کہ اس کو ادا نہ کرے اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ نفس سستی نہیں کرے گا۔ لیکن اگر وتر پڑھے ہوئے ہوں اور تہجد کے وقت آنکھ کھل بھی جائے تو نفس کہہ دیتا ہے کہ وتر تو پڑھے ہوئے ہیں نفل نہ پڑھے تو نہ سہی۔ مگر جب یہ خیال ہوگا کہ وتر بھی پڑھنے ہیں تو ضرور اٹھے گا اور جب اٹھے گا تو نفل بھی پڑھ لے گا۔ لیکن جیسا کہ میں نے پہلے بتایا ہے اس کے لئے شرط ہے کہ ایمان بہت مضبوط ہو۔ جب ایمان مضبوط ہوگا تو وتروں کے لئے ضرور اٹھے گا۔ ورنہ وتروں کے پڑھنے سے بھی محروم رہے گا۔

ساتواں طریق

بھی انہیں لوگوں کے لئے ہے جو روحانیت میں بہت بڑھے ہوئے ہیں۔ اور وہ یہ کہ عشاء کی نماز کے بعد نفل پڑھنے شروع کر دیں اور اتنی دیر تک پڑھیں کہ نماز میں ہی نیند آجائے اور اتنی نیند آئے کہ برداشت نہ کی جاسکے اس وقت سوئے باوجود اس کے کہ اس میں زیادہ وقت لگے گا مگر سویرے نیند کھل جائے گی یہ روحانی ورزش ہوتی ہے۔

آٹھواں طریق

وہ ہے جس کا ہمارے صوفیاء میں رواج تھا میں نے اس کی ضرورت محسوس نہیں کی مگر ہے مفید اور وہ یہ ہے کہ جن دنوں میں زیادہ نیند آئے اور وقت پر آنکھ نہ کھلے ان میں نرم بستر ہٹا دیا جائے۔

نواں طریق

یہ ہے کہ سونے سے کئی گھنٹے پہلے کھانا کھالیا جائے۔ یعنی مغرب سے پہلے یا مغرب کی نماز کے بعد فوراً۔ بہت دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ انسان کی روح چست ہوتی ہے مگر جسم سست کر دیتا ہے۔ جسم ایک طوق ہے جو روح کو چمٹا ہوا ہے جب یہ طوق بھاری ہوجائے تو پھر روح کو دبا لیتا ہے۔ اس لئے سونے کے وقت معدہ پُر نہیں ہونا چاہئے کیونکہ اس کا اثر قلب پر بہت پڑتا ہے اور انسان کو سست کر دیتا ہے۔

دسواں طریق

یہ ہے کہ جب انسان رات کو سوئے تو ایسی حالت میں نہ ہو کہ جنبی ہو یا اسے کوئی غلاظت لگی ہو۔ بات یہ ہے کہ طہارت سے ملائکہ کا بہت بڑا تعلق ہوتا ہے اور وہ گندے انسان کے پاس نہیں آتے۔ بلکہ دور ہٹ جاتے ہیں۔ اسی لئے رسول کریم ﷺ کے سامنے جب ایک بودار چیز کھانے کے لئے لائی گئی تو آپؐ نے صحابہؓ کو فرمایا کہ تم کھالو میں نہیں کھاتا۔ صحابہؓ نے کہا ہم بھی نہیں کھاتے۔ آپؐ نے فرمایا تم کھالو میرے ساتھ تو فرشتے باتیں کرتے ہیں اس لئے میں نہیں

کھاتا۔ کیونکہ انہیں ایسی چیزوں سے نفرت ہے۔

تو غلاظت کو ملائکہ بہت ناپسند کرتے ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول سناتے تھے کہ ایک دفعہ میں نے کھانا کھایا اور ہاتھ دھوئے بغیر سوگیا۔ رویا میں میں نے دیکھا کہ میرے بھائی صاحب آئے ہیں اور انہوں نے مجھے قرآن کریم دینا چاہا لیکن جب میں ہاتھ لگانے لگا تو کہا کہ ہاتھ نہ لگانا تمہارے ہاتھ صاف نہیں ہیں۔ تو بدن کے صاف ہونے کا قلب پر بہت اثر پڑتا ہے۔ صفائی کی حالت میں سونے والے کو ملائکہ آ کر جگا دیتے ہیں۔ لیکن اگر صفائی میں فرق ہو تو پاس نہیں آتے۔ یہ طریق جسم کی صفائی کے متعلق ہے۔

گیارھواں طریق

یہ ہے کہ بستر پاک وصاف ہو۔ بہت لوگ اس بات کی پرواہ نہیں کرتے مگر یاد رکھنا چاہئے کہ بستر کی پاکیزگی روحانیت سے خاص تعلق رکھتی ہے اس لئے اس کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔

بارھواں طریق

ایسا ہے کہ عوام کو اس پر عمل کرنے کی وجہ سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہاں خاص لوگوں کے لئے نقصان دہ نہیں اور وہ یہ کہ میاں و بیوی ایک بستر میں نہ سوئیں۔ رسول کریم ﷺ سوتے تھے لیکن آپؐ کی شان بہت بلند اور ارفع ہے۔ آپؐ پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوسکتا تھا۔ مگر دوسرے لوگوں کو احتیاط کرنی چاہئے۔ بات یہ ہے کہ جسمانی شہوت کا اثر جتنا زیادہ ہو اسی قدر روحانیت کو بند کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شریعت نے کہا کہ کھاؤ پیؤ مگر حد سے نہ بڑھو۔ کیوں نہ بڑھو، اس لئے کہ شہوانی جذبہ زیادہ بڑھ کر روحانیت کو نقصان پہنچائے گا۔ پس وہ لوگ جو اپنے نفس پر قابو رکھتے ہیں وہ اگر اکٹھے سوئیں تو کوئی حرج نہیں ہوتا مگر عام لوگوں کو اس سے پرہیز کرنا چاہئے اور وہ لوگ جنہیں اپنے خیالات پر پورا پورا قابو نہ ہو ان کو اکٹھا نہیں سونا چاہئے۔ اس طرح ان کو شہوانی خیالات آتے رہیں گے اور بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ سوتے سوتے جماع کرنے یا پیار کرنے لگ جاتے ہیں۔ اس طرح روحانیت پر برا اثر پڑتا ہے اور اٹھنے میں سستی ہو جاتی ہے۔

تیرھواں طریق

ایسا اعلیٰ ہے کہ جو نہ صرف تہجد کے لئے اٹھنے میں بہت بڑا ممد اور معاون ہے بلکہ اس پر عمل کرنے سے انسان بدیوں اور برائیوں سے بھی بچ جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ سونے سے پہلے دیکھنا چاہئے کہ ہمارے دل میں کسی کے متعلق کینہ یا بغض تو نہیں ہے اگر ہو تو اس کو دل سے نکال دینا چاہئے۔

اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ روح کے پاک ہونے کی وجہ سے تہجد کے لئے اٹھنے کی توفیق مل جائے گی۔ خواہ اس قسم کے خیالات ان پر پھر قابو پا ہی لیں۔ لیکن رات کو سونے سے پہلے ضرور نکال دینے چاہئیں اور دل کو بالکل خالی کر لینا چاہئے۔ اس میں حرج ہی کیا ہے۔ اگر کوئی ایسے خیالات میں دنیاوی فائدہ سمجھتا ہے تو دل کو کہے کہ دن کو پھر یاد رکھ لینا رات کو سونے کے وقت کسی سے لڑائی تو نہیں کرنی کہ ان کو دل میں رکھا جائے۔ اول تو ایسا ہوگا کہ اگر ایک دفعہ اپنے دل سے کسی خیال کی جڑھ کاٹ دی جائے گی تو پھر وہ آئے گا ہی نہیں۔ دوسرے اس قسم کے خیالات رکھنے سے جو نقصان پہنچنا ہوتا ہے اس سے انسان محفوظ ہو جاتا ہے۔ یہ ایک ثابت شدہ بات ہے کہ ایک چیز جس قدر زیادہ عرصہ دوسرے کے ساتھ رہتی ہے اسی قدر زیادہ اپنا اثر اس پر کرتی ہے۔ مثلاً اگر اسپنج کو پانی سے بھر کر کسی چیز پر جلدی سے پھیر کر ہٹایا جائے تو وہ بہت تھوڑی گیلی ہوگی۔ لیکن اگر دیر تک اس پر رکھا جائے تو وہ بہت زیادہ بھیگ جائے گی۔ اسی طرح جو خیالات انسان کو دیر تک رہیں وہ اس کے دل میں بہت زیادہ جذب ہو جاتے ہیں۔ اور سوتے وقت جن خیالات کو انسان اپنے دل میں رکھے ان کو اس کی روح ساری رات دہراتی رہتی ہے۔ دن میں اگر کوئی ایسا خیال ہو تو وہ اتنا نقصان دہ نہیں ہوتا جتنا رات کے وقت کا۔ کیونکہ دن میں دوسرے کاروبار میں مشغول ہونے کی وجہ سے وہ بھلا دیتا ہے لیکن رات کو بار بار آتا ہے۔ پس سوتے وقت اگر کوئی برا خیال ہو۔ تو اسے نکال دینا چاہئے تاکہ وہ دل میں گڑ نہ جائے۔ کیونکہ اگر گڑ گیا تو پھر اس کا نکلنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ پھر اگر رات کو جان ہی نکل جائے تو اس بدی کے خیال سے توبہ کرنے کا موقعہ بھی نہیں ملے گا۔ اس طرح نفس کو ڈرانا چاہئے اور جب ایک دفعہ خیال نکل جائے گا تو پھر اس سے نجات مل جائے گی۔ غرض سوتے وقت نفس میں برے خیالات نہیں رہنے دینے چاہئیں۔ جب اس طرح دل کو پاک وصاف کر کے کوئی سوئے گا تو تہجد کے وقت اٹھنے کی اسے ضرور توفیق مل جائے گی۔

(ذکر الٰہی۔ انوار العلوم جلد 3 ص 511)

مکرم رشید احمد صاحب بھٹی

مغربی افریقہ میں ایک واقف عارضی کی رپورٹ

پانی مہیا کرنے کے لئے جماعت احمدیہ کی بے لوث خدمات

خاکسار کا نام رشید احمد بھٹی ہے اور ضلع شیخوپورہ سے تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے 1959ء میں قبول احمدیت کی توفیق عطا فرمائی۔ زیر رپورٹ وقف عارضی سے قبل اللہ تعالیٰ کے فضل سے واپڈا، جیوٹکنیا (یوگوسلاویہ) اور عرب ممالک میں بھی کام کرنے کا موقعہ ملا۔ علاوہ ازیں شمالی افریقہ میں Deep drilling کے علاوہ پمپ انسٹالیشن، واٹر مینجمنٹ کے پراجیکٹ پر کام کرنے کا موقعہ ملا۔ ہر جگہ احمدیت کی چھاپ اور خلیفہ وقت کی راہنمائی اور دعاؤں کے طفیل محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر خدمت کی توفیق ملتی رہی۔

دسمبر 2007ء میں خاکسار کو حضور انور کے ارشاد کہ ’’IAAAE پاکستان سے بھی انجینئر وقف عارضی پر افریقہ جائیں‘‘ بینن، ویسٹ افریقہ کے ملک میں خدمت سپرد کی گئی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس میں خاصی کامیابی حاصل ہوئی۔

بینن کے نارتھ میں کچھ علاقے ایسے ہیں کہ جہاں پینے کے پانی کی سخت قلت ہے۔ لوگ جوہڑ اور دوسری جگہوں سے گدلا پانی پینے پر مجبور ہیں۔ جنگلوں میں گایوں اور بھیڑ بکریوں کی بہتات ہے۔ اس لئے انسان کے علاوہ جانوروں کو بھی پینے کے پانی کی بہت مشکل ہے۔ لہٰذا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد پر جماعت نے زرکثیر خرچ کر کے ان علاقوں میں جہاں پانی کی قلت ہے پمپ انسٹال کئے اور اس کیلئے پہلے سروے کیا گیا۔ پانی کا واٹر لیول بھی چیک کر کے جنوری 2008ء سے مارچ 2008ء تک پمت، میراکو، چارو، نکی، داسہ DASSA، سوالو، ریجنز میں گورنمنٹ کے مشورے سے 19 پمپ لگائے گئے جس سے محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان علاقوں کے عوام کا پانی کا مسئلہ کافی حد تک حل ہو گیا۔

اپریل 2008ء میں سیدنا حضرت اقدس ایدہ اللہ خلافت جوبلی کے دورہ پر بینن تشریف لائے تو حکومت کے افسران کے علاوہ صدر مملکت نے بھی (water 4 Life) واٹر فار لائف پراجیکٹ کی کارکردگی کا حضور انور کی خدمت اقدس میں بر ملا اعتراف کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور اس انسانی بنیادی ضرورت پر کام کو جاری رکھنے کی درخواست کی۔

بینن کے بعد 8 تا 20 مارچ 2008ء ملک نائیجر کا دورہ کیا اور پانی کا جائزہ لیا۔ معلوم ہوا کہ سب سے مشکل پانی کا حصول نائیجر میں ہے جہاں پانی کا لیول 65 میٹر سے بھی زیادہ ہے۔ لوگ کنوؤں سے مویشیوں کی مدد سے پانی نکالتے ہیں۔ کئی دور دراز علاقوں کا مکمل سروے کر کے مفصل رپورٹ لندن ہیڈکوارٹرز ارسال کی گئی۔

جولائی 2008ء میں حضور پُرنور کے ارشاد پر نائیجیریا کے مختلف علاقوں الورین سٹیٹ، ابوجا، ابوجی، UMISHA، اناڈا، ARA اور رکانو کا سروے کر کے تفصیلی رپورٹ حضور انور کی خدمت اقدس میں ارسال کی گئی۔

پھر 23 ستمبر تا اکتوبر 2008ء خاکسار برکینا فاسو میں رہا اور مختلف ممالک سے پمپوں کی قیمت خرید کا جائزہ لینے سے معلوم ہوا کہ برکینا فاسو میں پمپ نسبتاً کم قیمت میں دستیاب ہیں لہٰذا جماعت نے یہاں سے 40 نئے پمپ بینن میں انسٹال کرنے کیلئے خرید کر دیئے چنانچہ پھر بینن حکومت کے مشورہ سے مندرجہ ذیل ریجنوں میں ان واٹر پمپوں کو نصب کر دیا گیا۔ DASSA، SWALOO، منگری، باسیلہ، BOHICON، LACOSSA، چارو، پراکو، طوعی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان پمپوں کی کارکردگی نہایت عمدہ رہی۔

حکومت کے افسران اور متعلقہ وزراء نے محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ بینن اور انتظامیہ واٹر فار لائف نیز پیارے حضور انور کی خدمت اقدس میں اپنے خطوط کے ذریعہ شکریہ ادا کیا اور اس خدمت خلق کے کام کی بہت تعریف کی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک سال کے قبل عرصہ میں تقریباً 60 پمپ نئے خرید کر نصب کئے گئے اور بہت سے پرانے پمپ مرمت کروا کر چالو کئے گئے جس سے اُن علاقوں کے مکینوں کیلئے پانی ایسی بنیادی ضرورت باحسن پوری ہونے لگی جس سے علاقہ کے تمام لوگ جماعت احمدیہ کے مشکور ہیں۔ اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ کی یہ انسانی خدمت قبول فرمائے اور خدمت کی مزید توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین

یہاں یہ اظہار کرنا بھی ضروری ہے کہ اس میدان میں ابھی مسلسل کام کرنے کی ضرورت ہے لہٰذا حضور پر نور کی ہدایت اور راہنمائی اور دعاؤں کے طفیل اس پراجیکٹ پر ویسٹ افریقہ میں کام جاری رکھا جائیگا تاکہ اہل افریقہ کیلئے پینے کے صاف اور شفاف پانی کا حصول مستقل بنیادوں پر مہیا ہو سکے لہٰذا احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ دعاؤں سے ہماری مدد فرمائیں تاکہ ہم انسانیت کی بہتر سے بہتر خدمت کر سکیں۔

نوٹ: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تحریک پر لبیک کہتے ہوئے مکرم رشید احمد بھٹی صاحب مع اہلیہ وقف کر کے مارچ 2009ء میں مستقل طور پر بینن تشریف لے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی صحت اور عمر میں برکت دے۔ آمین

جماعت احمدیہ گوئٹے مالا (سنٹرل امریکہ)
کا بیسواں جلسہ سالانہ

مکرم عبدالستار خان صاحب امیر جماعت احمدیہ گوئٹے مالا

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ گوئٹے مالا (سنٹرل امریکہ) کا جلسہ سالانہ مورخہ 6-7-8/نومبر 2009ء کو بیت الاوّل میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت مکرم نسیم مہدی صاحب مربی سلسلہ انچارج امریکہ کو اپنا خصوصی نمائندہ بنا کر بھیجا۔ نیز امریکہ سے ہی ہیومینیٹی فرسٹ کے ڈائریکٹر مکرم منعم نعیم صاحب اور ڈاکٹر وسیم سید صاحب بھی تشریف لائے۔

پریس کانفرنس

جلسہ سالانہ کے پہلے روز نماز جمعہ سے قبل ایک ہوٹل میں پریس کانفرنس بھی منعقد کی گئی جس میں ٹی وی اخبارات اور نیوز ایجنسیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب نے ایک مختصر تقریر کی اور بعد ازاں پریس کے نمائندگان کے سوالات کے جوابات دیئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ پریس کانفرنس بہت کامیاب رہی۔ اور گوئٹے مالا، لاطینی امریکہ کے ممالک اور فرانس کے ذرائع ابلاغ نے اسے بکثرت شائع کیا۔ اس طرح احمدیت کا پیغام کروڑوں افراد تک پہنچا۔

✿...... نیوز ایجنسی EFE کی شائع کردہ خبر کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

گوئٹے مالا میں (دین) کا پھیلاؤ

جماعت احمدیہ گوئٹے مالا جو یکصد افراد پر مشتمل ہے اس ملک میں (دین) پھیلانے میں کوشاں ہے اور اس مقصد کے لئے ملک کے دیگر شہروں میں (دینی) مراکز کھولنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ نیز ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت غریب عوام کی خدمت کرنا چاہتی ہے۔

امریکہ اور کینیڈا کے احمدیہ مشن کے ڈائریکٹر نسیم مہدی صاحب نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ اس سال نومبر کے آخر میں صوبہ Quetzaltenango میں نیا احمدی مرکز کھولا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دیگر صوبوں Esquintla اور Huehuetenango میں چونکہ افراد جماعت کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے وہاں نئے مرکز کھولنے کا ارادہ ہے۔

نسیم مہدی صاحب نے بتایا کہ گوئٹے مالا میں جماعت احمدیہ کی پہلی بیت الذکر 1989ء میں تعمیر کی گئی تھی جس کے ساتھ لاطینی امریکہ کے اس ملک میں جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی گئی اور نومبر کے ابتدائی ہفتہ میں جماعت احمدیہ گوئٹے مالا اپنا جلسہ سالانہ منعقد کر رہی ہے۔

بیس سالوں میں جماعت احمدیہ کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے اور اس صورت حال پر ہمارے دل خوش ہیں کہ ہم اس ملک میں حقیقی (دین) پھیلانے میں کوشاں ہیں۔ ہمارا نصب العین ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' ہے۔ لاطینی امریکہ کے دیگر ممالک میں جماعت احمدیہ آہستہ آہستہ پھیل رہی ہے اور افریقی ممالک میں بھی ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ ہمارا مقصد قرآن کو پھیلانا ہے۔

مہدی صاحب جو (دین) کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس کے خصوصی نمائندہ کے طور پر یہاں تشریف لائے ہیں نے یہ بھی بتایا کہ ہیومینیٹی فرسٹ دنیا کے 25 ممالک میں خدمت انسانیت کی توفیق پا رہی ہے۔ اب اس ملک میں بھی باقاعدہ رجسٹریشن کروانے کے ساتھ یہاں کے غریب عوام کی خدمت کی جائے گی۔ (انشاءاللہ)

آپ نے بتایا کہ جماعت احمدیہ دنیا کے 195 ممالک میں 200 ملین افراد پر مشتمل پُرامن جماعت ہے اور اقوام متحدہ نے بھی تسلیم کر لیا ہے کہ یہ امن پسند جماعت ہے۔ (Prensa Libre Com Gt 6-11-09)

EFE نیوز ایجنسی کی اس خبر کو 20 سے زائد اخبارات، ٹی وی اور ویب سائٹس نے شائع کیا۔

✿...... 6/نومبر 2009ء کو انٹرنیشنل ٹی وی چینل "Univision Com" نے EFE کی خبر کو اپنے پروگرام عالمی خبروں میں من وعن شائع کیا۔

✿......اسی طرح اخبار Diario Las Americas نے پوری تفصیل کے ساتھ 15/نومبر 2009ء کو شائع کیا۔

✿......اخبار "Prinsa Libre" نے Edition Electronica میں 6/نومبر کو یہ پوری خبر شائع کی۔

✿......اسی طرح متعدد ویب سائٹس نے اسے شائع کیا۔

✿......Carpe Diem نے درج ذیل سرخی کے ساتھ خبر شائع کی۔

''گوئٹے مالا میں احمدی مشنریز''

ذرائع ابلاغ کے ذریعہ گزشتہ ہفتہ معلوم ہوا کہ جماعت احمدیہ گوئٹے مالا میں 100 افراد پر مشتمل ہے اور یہاں دین پھیلا رہی ہے۔ اور اس غرض کے لئے نئے دینی مراکز کھولنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اور پہلا نیا مشن Quetzal tenango میں قائم ہوگا۔

✿......یہ خبر Siglovintiuno اخبار نے 7/نومبر کی اشاعت میں صفحہ 2 پر شائع کی تھی۔

جلسہ سالانہ گوئٹے مالا کا آغاز

سہ پہر ساڑھے تین بجے پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے نمائندہ خصوصی نے لوائے احمدیت لہرایا اور امیر جماعت احمدیہ گوئٹے مالا نے گوئٹے مالا کا پرچم لہرایا۔ اس موقع پر مولانا نسیم مہدی صاحب نے پرچم لہرانے کی اہمیت اور حکمت سے حاضرین کو آگاہ کیا۔

افتتاحی اجلاس

جلسہ سالانہ کا افتتاحی اجلاس چار بجے سہ پہر مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت قرآن کریم اور اس کے سپینش ترجمہ کے بعد صاحب صدر نے افتتاحی تقریر کی جس میں جلسہ کی اہمیت اور غرض وغایت بیان کی۔ آپ کی تقریر کا سپینش ترجمہ مکرم ڈاکٹر وسیم سید صاحب نے پیش کیا۔

اس کے بعد دو تقاریر ہوئیں۔ سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر خاکسار عبدالستار خان نے تقریر کی اور ڈاکٹر وسیم سید صاحب نے انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت اور برکات بیان کیں۔

نماز مغرب وعشاء کے بعد مہمان دوستوں کے ساتھ ایک دلچسپ مجلس سوال و جواب منعقد ہوئی جو قریباً ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی۔

جلسہ کا دوسرا روز

دوسرے اجلاس کا آغاز خاکسار کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد مکرم ڈاکٹر وسیم سید صاحب نے دس شرائط بیعت اور خاکسار نے ایک مثالی احمدی کا کردار کے موضوع پر تقاریر کیں۔ آخر پر مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب نے ''دعوت الی اللہ کی اہمیت اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر تقریر کی۔

چار بجے سہ پہر جلسہ کا تیسرا اجلاس شروع ہوا جس میں احباب جماعت سے دعوت الی اللہ کے کام کو وسعت دینے اور حکمت سے سرانجام دینے کے بارہ میں رائے لی گئی۔ مختلف احباب نے اس میں حصہ لیا اور اپنی رائے کا اظہار کیا۔ بعدازاں مکرم نسیم مہدی صاحب نے نہایت متاثر انداز میں خلافت احمدیہ اور تائیدات الٰہی کے موضوع پر تقریر کی۔

اس کے بعد نومبائع احمدی خواتین کے ساتھ مجلس سوال وجواب منعقد ہوئی جسے مرد حضرات نے بھی سنا۔ یہ مجلس قریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی۔

جلسہ کا تیسرا روز

یہ اجلاس مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب کی زیر صدارت تلاوت کے ساتھ شروع ہوا۔ یہ اجلاس عام تھا جس میں مہمان عمائدین نے بھی شرکت کی۔ مقامی احمدی مکرم داؤد گونسالس صاحب نے احمدیت کا مختصر تعارف پیش کیا۔ جس کے بعد دو نومبائعین مکرم Kamelo صاحب اور مکرم Dario صاحب نے قبول احمدیت کے واقعات سنائے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ
اللہ تعالیٰ کا خصوصی پیغام

مکرم ڈاکٹر وسیم سید صاحب نے جلسہ سالانہ کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خصوصی پیغام پڑھ کر سنایا۔ اس پیغام میں پیارے آقا نے احباب جماعت کو خلافت کی نئی صدی میں عائد ہونے والی ذمہ داریوں کو ادا کرنے اور خلافت کی برکات کی شکرگزاری کا حق ادا کرنے کی طرف توجہ دلائی اور فرمایا کہ خلافت اللہ کی عظیم نعمت ہے۔ خلیفہ کا تعلق جماعت کے ساتھ اور جماعت کا خلیفہ کے ساتھ پیار اور اخلاص کا ہے۔ خلیفۂ وقت ماں سے زیادہ ہر فرد جماعت سے پیار کرنے والا ہے اور جماعت کے افراد خلیفۂ وقت کے ایک چھوٹے سے اشارہ پر اپنی زندگی قربان کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ ہماری کامیابی اللہ کی رسّی کو مضبوط پکڑنے، خلافت کے ساتھ چمٹے رہنے اور خلافت و نظام خلافت کی مکمل اطاعت کرنے میں ہے۔

حضور انور نے اپنے پیغام میں احباب جماعت کو نمازوں کی ادائیگی، عرفان الٰہی اور قرب الٰہی حاصل کرنے کی طرف توجہ دلائی اور فرمایا کہ اپنے ملک کے دس فیصد لوگوں تک ہر سال حضرت مسیح موعود کا پیغام پہنچانے کی کوشش کریں۔ اور اس مقصد کے لئے ملکی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام وسائل بروئے کار لائیں مثلاً بک فیئرز میں شرکت، دعوت الی اللہ مجالس اور لٹریچر کی تقسیم وغیرہ۔

پیغام کے آخر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کی دعوت الی اللہ کی پلاننگ کرنے میں مدد فرمائے اور یہ جلسہ آپ سب کا خلافت کے ساتھ ذاتی تعلق زیادہ مضبوط کرنے کا موجب ہو اور ہر دن اللہ کے فضل کے ساتھ آپ کو بہترین احمدی بناتا چلا جائے۔

ہیومینیٹی فرسٹ کی خدمات کا تذکرہ

بعدازاں مکرم منعم نعیم صاحب چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ امریکہ نے سلائیڈز کی مدد سے حاضرین کو ہیومینیٹی فرسٹ کی بےلوث خدمت انسانیت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ دنیا کے 25 ممالک میں یہ تنظیم رجسٹرڈ ہو چکی ہے اور تعلیم صحت اور میڈیکل سہولیات مہیا کرنے میں مصروف ہے اور آسمانی آفات مثلاً زلزلہ اور سیلاب سے متاثرہ افراد کی ہر ممکن مدد کرتی ہے۔

اب گوئٹے مالا میں یہ تنظیم رجسٹرڈ کروانے کے بعد یہاں کے ضرورتمند لوگوں کی مدد کرنے کا پروگرام ہے ۔ اس پر مہمانوں نے جذباتی انداز میں تالیاں بجا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا اور داد دی۔

اس اجلاس کے آخر پر مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب نے ہستی باری تعالیٰ کے موضوع پر تقریر کی۔

اجلاس کے اختتام پر خاکسار عبدالستار خان، امیر جماعت احمدیہ گوئٹے مالا نے دعا کروائی جس کے بعد جملہ شرکاء کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا ۔ اس دوران زیر دعوت افراد سے بہت ہی خوشگوار ماحول میں گفتگو ہوتی رہی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے تین سعید فطرت افراد کو احمدیت قبول کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

اس جلسہ میں ملک کے دور دراز علاقوں سے نومبائعین شامل ہوئے ۔ کل حاضری 85 تھی۔ جلسے کے ابتدائی ایام میں بارش ہوتی رہی ۔ تیسرے روز مہمان احباب کی آمد متوقع تھی بارش کے رکنے اور موسم کے بہتر ہونے کے لئے دعا کی گئی اور حضور انور کی خدمت میں بذریعہ فیکس دعا کی درخواست کی گئی ۔ اللہ نے فضل فرمایا اور اچانک موسم خوشگوار ہوگیا اور بارش رک گئی۔

قارئین کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے گوئٹے مالا اور لاطینی امریکہ کے جملہ ممالک میں احمدیت کو شاندار فتوحات عطا فرمائے ۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 5 مارچ 2010ء)

بیویاں قناعت پسند ہوں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں:۔

”بعض عورتوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ بعض دفعہ حالات خراب ہو جاتے ہیں، مرد کی ملازمت نہیں رہی یا کاروبار میں نقصان ہوا، وہ حالات نہیں رہے، کشائش نہیں رہی تو ایک شور برپا کر دیتی ہیں کہ حالات کا رونا، خاوندوں سے لڑائی جھگڑے، انہیں برا بھلا کہنا، مطالبے کرنا۔ تو اس قسم کی حرکتوں کا نتیجہ پھر اچھا نہیں نکلتا۔ خاوند اگر ذرا سا بھی کمزور طبیعت کا مالک ہے تو فوراً قرض لے لیتا ہے کہ بیوی کے شوق کسی طرح پورے ہو جائیں اور پھر قرض کی دلدل ایک ایسی دلدل ہے کہ اس میں پھر انسان دھنستا چلا جاتا ہے۔ ایسے حالات میں کامل وفا کے ساتھ خاوند کا مددگار ہونا چاہئے، گزارا کرنا چاہئے“۔

(مستورات سے خطاب جلسہ سالانہ جرمنی 23/اگست 2003ء از الفضل انٹرنیشنل 18/نومبر 2005ء)

(ص۔ب۔سامی)

جلسہ سالانہ یو کے 2009ء کے پہلے دن کا آنکھوں دیکھا حال

جیسے ہی جلسہ سالانہ گزرتا ہے اگلے جلسے کی تیاری اور انتظار شروع ہو جاتا ہے۔ اور اگر جلسہ یو کے کا ہو تو اس کی بات ہی الگ سے ہے۔ مَیں یہ اس لئے بھی اچھی طرح سے جانتی ہوں کہ لندن کے ان تمام جلسوں کے ساتھ میرے سب گھر والوں کی کسی نہ کسی طرح سے ہمیشہ وابستگی رہی ہے۔

ہر جلسہ کی اپنی اہمیت ہوتی ہے، یہ ڈیوٹیاں، ذمہ واریاں، اور یہ رونقیں جلسہ کے جذبہ کو بڑھاتی رہتی ہیں اور مَیں نے بدلتے زمانے کے ساتھ ہر سال ان جذبوں اور ذمہ داریوں کو بہتر سے بہتر ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔ زمانہ بے شک بدل گیا ہے۔ مگر جلسہ کی تیاریاں اور گرم جوشیاں کئی گُنا بڑھ گئی ہیں۔ اب میں اپنے بچوں کو دیکھتی ہوں تو خوشی ہوتی ہے وہی جذبہ وہی شوق بلکہ یہ کہوں تو زیادہ اچھا ہے کہ پہلے سے اب بہتر اور ماڈرن طریق سے کام ہو رہے ہیں۔ اپنے بچوں کی ان مصروفیات کو دیکھ کر میں پریشان تھی کہ میں جلسہ پر کیسے جاؤں گی؟ مَیں نے سوچا اور عکاشہ اپنے بیٹے کی تسلی کیلئے کہہ بھی دیا کہ آپ میری فکر نہ کریں آپ اپنی ڈیوٹی آرام سے کریں مَیں گھر بیٹھ کر آرام سے دیکھوں گی۔ مگر دل میں بے چینی تھی کہ میرے اپنے ہی گھر میں جلسہ ہے اور مَیں نہ جاؤں یہ کیسے ہو سکتا ہے جب کہ دُنیا کے کناروں سے لوگ آچکے ہیں۔ ان ہی سوچوں میں تھی کہ ایک دم خیال آیا کہ ہماری جماعت کی طرف سے ٹرینوں پر جانے کا انتظام کیا ہوا ہے کیوں نہ میں ٹرین پر جانے کی کوشش کروں صبح اُٹھ کر جب جانے کی تیاری شروع کی تو میری بہو اور بیٹی نے کہا موسم خراب ہے بارش بھی بہت ہے نہ جائیں مگر اب چونکہ مَیں نے پروگرام بنا لیا تھا اللہ کا نام لیا اور گھر سے نکل کھڑی ہوئی۔ تسلی کیلئے موبائل فون بھی میرے پاس تھا۔

